Leeds CITY COUNCIL

Forum Central

NHS

لیڈز میں کمیونٹی کی دماغی صحت کی نگہداشت

# سروس کے صارفین اور نگہداشت کنندگان کے لیے ممکنہ طور پر نئے کارکن کو منتقل کرنے کے حوالے سے معلومات



یہ معلومات ان افراد کے لیے تحریر کی گئی ہیں جو لیڈز کے علاقے میں کمیونٹی کی دماغی صحت کی سروسز استعمال کرتے ہیں جہاں اگلے کچھ مہینوں میں یہ سروسز بہتر بنائی جا رہی ہیں۔

آپ (یا آپ کے نگہداشت کنندہ) کو ایک نقل فراہم کی جا چکی ہے کیونکہ بہتریوں سے مراد ان سروسز میں کچھ تبدیلیاں ہیں جو آپ فی الوقت استعمال کر رہے ہیں۔ ان تبدیلیوں کا آپ کے لیے کیا مطلب ہو سکتا ہے یہ جاننے کے لیے براہ کرم یہ دو ورقی اشتہار پڑھیں۔

آپ نے اپنی کمیونٹی کی دماغی صحت کی ٹیم (CMHT) کے کارکن یا دماغی صحت کے کارکن کو "کمیونٹی کی دماغی صحت کی نگہداشت میں تبدیلی" کا حوالہ دیتے سنا ہوگا۔ تبدیلی قومی سطح پر انجام پا رہی ہے تاکہ اس طریقے کو بہتر بنایا جا سکے جس سے دماغی صحت کی نگہداشت اور معاونت کی منصوبہ بندی کی جاتی اور انہیں فراہم کیا جاتا ہے۔ ان تبدیلیوں کا مقصد لیڈز میں موجود افراد کی ایسے وقت پر درست نگہداشت حاصل کرنے میں مدد کرنا ہے جو آپ کے لیے درست ہو۔ یہ آپ کو آپ کی ضروریات کو بہترین طور پر پورا کر سکنے والی جگہ پر آپ کے جانے سے پہلے بہت ساری سروسز کا حوالہ دیے جانے سے بچانے میں بھی مدد کریں گی۔ ان تبدیلیوں کو ڈیزائن کیا گیا ہے منجانب

- مقامی جی پیز
- بنیادی نگہداشتی دماغی صحت کی ٹیمز
- کمیونٹی کی دماغی صحت کی ٹیمز
- بیتے تجربات کے حامل افراد اور نگہداشت کنندگان
- رضاکار اور کمیونٹی کی تنظیمیں۔

انہوں نے مل کر ایسی سروسز کی منصوبہ بندی کرنے کے لیے کام کیا ہے **جو مقامی نگہداشت اور معاونت** کو بہتر بناتی ہیں تاکہ اسے آپ کو اپنی کمیونٹی میں ایک زیادہ خوش و خرم زندگی گزارنے میں مدد کے لیے ایک مشترکہ انداز میں فراہم کیا جا سکے۔

## یہ تبدیلیاں کیا ہیں؟

مقامی دماغی صحت کی سروسز ایک دوسرے اور آپ کے جی پی سرجری کے ساتھ مزید قریبی انداز میں کام کریں گی تاکہ وہ آپ کی کمیونٹی سے مخصوص دماغی صحت کی ضروریات پر توجہ مرکوز کر سکیں۔ اس کا مطلب کارکن/کارکنان میں تبدیلی ہو سکتا ہے جو فی الحال آپ کی دماغی صحت کے حوالے سے آپ کی معاونت کر رہے ہیں اور اسے 'تبادلہ' کہا جاتا ہے۔ موجودہ جی پی سرجری میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔

## یہ تبادلہ کیسے ہوگا؟

یہ تبادلہ ہر ممکن حساس طریقے سے ہوگا، یقینی بنایا جائے گا کہ اس کی رفتار آپ کے لیے موزوں ہے تاکہ آپ کے پاس نئے کارکن کو جاننے کا موقع ہو۔

آپ کا موجودہ کارکن آپ کے نئے کارکن کو آپ کے بارے میں اور آپ کی نگہداشت کی ضروریات کے بارے میں ہر وہ چیز بتائے گا جو انہیں جاننے کی ضرورت ہے۔

## ایسا کب ہوگا؟

اگر آپ کا نئے کارکن پر تبادلہ کرنے کی ضرورت پیش آتی ہے تو آپ کو کافی وقت پہلے ایسا بتایا جائے گا تاکہ آپ اس خیال سے مانوس ہو جائیں۔ آپ کا موجودہ کارکن آپ سے رابطہ کرے گا۔

## اگر مجھے یہ خیال پسند نہ آئے تو کیا ہوگا؟

ہم سمجھتے ہیں کہ تبدیلی مشکل ہو سکتی ہے، بالخصوص اس صورت میں جب ہمیں لگے کہ یہ ایسی چیز ہے جسے ہم کنٹرول نہیں کر سکتے۔ NHS لیڈز، لیڈز سٹی کونسل، بیتے تجربات کے حامل افراد، نگہداشت کنندگان، رضاکار اور کمیونٹی کی تنظیموں نے کئی ماہ تک مل کر کام کیا ہے تاکہ کمیونٹی کی دماغی صحت کی نگہداشت اور معاونت کا ایک نیا ڈیزائن بنا سکیں۔ انہوں نے اس پر اتفاق کرنے سے پہلے کہ کیا تبدیلیاں کرنی چاہیئیں، خیالات کو شیئر کیا، ان پر گفتگو کی اور ان پر اعتراض اٹھایا ہے۔


اگر آپ کو بتایا جائے کہ آپ کا تبادلہ ہو رہا ہے اور آپ پریشان ہوں کہ اس سے کیا مراد ہے، تو براہ کرم اپنے کارکن سے بات کریں تاکہ آپ کو ذہنی سکون حاصل ہو سکے۔

یا اگر آپ تب بھی غیر یقین محسوس کریں تو آپ سروس مینیجر سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ آپ کا کارکن آپ کو رابطے کی تفصیلات دے گا۔

اگر آپ اب بھی پریشان ہیں، تو آپ لیڈز اینڈ یارک پارٹنرشپ فاؤنڈیشن NHS ٹرسٹ (LYPFT) کی مریض کی صلاح اور رابطے کی سروس (PALS) سے رابطہ کر سکتے ہیں۔
رابطے کی تفصیلات یہ ہیں:

ٹیلیفون: 08000525790
ای میل: pals.lypft@nhs.net

یا خط لکھیں از:
The PALS Office, Becklin Centre, Alma Street, Leeds LS9 7BE



# مزید معلومات

آپ درج ذیل QR کوڈ استعمال کر کے Mindwell Leeds ویب سائٹ پر
تبدیلی کے متعلق موجود مزید معلومات پڑھ سکتے ہیں، یا دماغی صحت کی
تبدیلی لیڈزا ستعمال کر کے آن لائن سرچ کر سکتے ہیں۔

Mindwell Leeds ویب سائٹ پر کمیونٹی کی دماغی صحت کی تبدیلی کے متعلق ایک
مختصر ویڈیو بھی موجود ہے۔

**www.mindwell-leeds.org.uk/transforming-community-mental-health-services/**

